Canada Border Services Agency | Agence des services frontaliers du Canada

# امیگریشن اینڈ رفیوجی پروٹیکشن ایکٹ (یعنی امیگریشن اور پناہ گزینوں کے تحفظ کے قانون) کے تحت حراست میں لئے گئے لوگوں کے لئے معلومات

PROTECTION SERVICE INTEGRITY PROTECTION SERVICE INTÉGRITÉ PROTECTION SERVICE INTEGRITY PROTECTION SERVICE INTÉGRITÉ PROTECTION SERVICE INTEGRITY PROTECTION SERVICE INTÉGRITÉ PROTECTION SERVICE INTEGRITY PROTECTION SERVICE INTÉGRITÉ PROTECTION SERVICE INTEGRITY PROTECTION SERVICE INTÉGRITÉ PROTECTION SERVICE INTEGRITY PROTECTION SE

BSF5012-12 (Urdu)

PROTECTION • SERVICE • INTEGRITY

Canada

© ہر میجسٹی دی کوئین اِن رائیٹ آف کینیڈا، نمائندگی بذریعہ منسٹر آف پبلک سیفٹی اینڈ ایمرجنسی پری پیئرڈنیس، 2015

کیٹالاگ نمبر: PS38-49/2015Ur-PDF

ISBN 978-0-662-03904-4

یہ دستاویز کینیڈا بارڈر سروسز ایجنسی

کی ویب سائیٹ: www.cbsa-asfc.gc.ca پر دستیاب ہے۔

یہ دستاویز طلب کرنے پر متبادل فارمیٹس میں دستیاب ہے۔

Also available in English under the title: Information for People Detained Under the *Immigration and Refugee Protection Act*

Aussi offert en français sous le titre : Renseignements à l'intention des personnes détenues en vertu de la *Loi sur l'immigration et la protection des réfugiés*

اور دیگر جن زبانوں میں دستیاب ہے: عربی، چینی سادہ، چینی روایتی، ہندی، جاپانی، کوریئن، فارسی، پرتگالی، پنجابی، ہسپانوی، ٹیگالاگ، تامل

یہ قانونی دستاویز نہیں ہے۔ قانونی معلومات کے لئے، امیگریشن اینڈ رفیوجی پروٹیکشن ایکٹ (Immigration and Refugee Protection Act /Loi sur l'immigration et la protection des réfugiés) اور ضوابط سے رجوع کریں۔

یہ دستاویز آپ کے حقوق اور ذمہ داریوں کے بارے میں اہم معلومات اور آپ کی حراست کی وجوحات کے علاوہ عام معلومات جو آپ کی حراست کے دوران کارآمد ہوں فراہم کرتی ہے۔ اگر اپنی حراست کے بارے میں یا اس دستاویز میں درج معلومات کے بارے میں آپ کے پاس کوئی سوالات ہیں، تو مہربانی کرکے کینیڈا بارڈر سروسز ایجنسی (Canada Border Services Agency [CBSA] /Agence des services frontaliers du Canada [ASFC]) کے افسر سے بات کرنے کے لئے کہیں۔

## قانون

آپ کو کینیڈا کے امیگریشن اینڈ رفیوجی پروٹیکشن ایکٹ کے تحت حراست میں لیا گیا تھا کیونکہ CBSA/ASFC کا ایک افسر:

- ایک تفتیش کو مکمل کرنا ضروری سمجھتا تھا؛
- آپ کی شناخت کے ساتھ مطمئن نہیں تھا؛
- یہ یقین کرنے کی وجہ رکھتا تھا کہ آپ کینیڈا میں داخل ہونے کے حقدار نہیں تھے اور پبلک کے لئے ایک خطرہ تھے، ایک تفتیش، داخلے کا اہل ہونے کی سماعت، کینیڈا سے نکالے جانے کے لئے یا ایک ایسی کاروائی کے لئے جس کے نتیجے میں آپ کو کینیڈا سے نکالے جانے کا حکم ہوسکے آپ کے حاضر ہونے کا امکان نہیں تھا (بھاگ جانے کا خطرہ)؛
- یہ شک کرنے کی وجہ رکھتا تھا کہ آپ سلامتی کی وجوہات کی بنا پر، انسانی یا بین الاقوامی حقوق کی پامالی کرنے، سنجیدہ جرم، منتظم جرم یا مجرمانہ فعل کی وجہ سے کینیڈا میں داخل ہونے کے حقدار نہیں تھے۔

## حراست میں لوگوں کے ساتھ سلوک کے بارے میں پالیسی

### حراست میں لوگوں کے ساتھ سلوک

- آپ کو ہر وقت وقار اور عزت کے ساتھ سلوک کیا جائے گا۔
- آپ کو اپنے قانونی حقوق کے بارے میں مطلع کیا جائے گا، اور آپ کو اپنے حقوق بروئے کار لانے کا موقع دیا جائے گا اور اپنے کیس کے سٹیٹس یعنی حیثیت کے بارے میں باخبر رکھا جائے گا۔

**آپ کو ہر وقت وقار اور عزت کے ساتھ سلوک کیا جائے گا۔**

### بچے

- 18 سال سے کم عمر بچوں کو CBSA/ASFC صرف آخری حربے کے طور پر حراست میں لیتا ہے۔ اگر آپ کے بچے ہیں، تو آپ کے خاص کیس کے حقائق کی بنیاد پر CBSA/ASFC احتیاط سے ان کے بہترین مفاد کو مدِنظر رکھے گا۔ CBSA/ASFC کا افسر ایسے عناصر کو تولے گا جیسا کہ بچوں کے لئے متبادل بندوبست، بشمول آپ کی فیملی کے ارکان، آپ کی حراست کی متوقع مدت اور یہ کہ کیا آپ کے بچوں کے لئے مناسب رہائش گاہ اور خدمات دستیاب ہوں گی۔
- اگر ان کے بہرین مفاد میں ہے، تو آپ کے بچوں کو CBSA/ASFC امیگریشن ہولڈِنگ سنٹر میں آپ کے ساتھ رہنے کی اجازت دی جائے گی۔ سنٹر میں فیملیز کے لئے علیحدہ رہنے کی جگہیں ہیں۔ آپ کے قیام کی مدت کے مطابق، آپ کے بچوں کو ایک استاد تک رسائی حاصل ہوگی۔
- صوبائی حکام سے رابطہ کیا جا سکتا ہے اور آپ کے بچے کو صوبے کی بچوں کے بہبود کی خدمات (چائیلڈ ویلفیر سروسز) کی تحویل میں دے دیا جائے۔ اگر یوں ہوتا ہے، تو انتظامات کئے جاسکتے ہیں کہ آپ کا بچہ آپ کو ملنے آسکے۔

### حراست کی سہولیات (یعنی حراست میں رکھنے کی جگہیں)

- پہلے آپ کو CBSA/ASFC کے آفس میں یا کینیڈا میں آپ کے داخل ہونے کی جگہ (زمینی یا سمندری بارڈر پار کرنی کی جگہ، ہوائی اڈہ، وغیرہ) پر رکھا جاسکتا ہے۔
- پھر آپ کو یا تو CBSA/ASFC امیگریشن ہولڈنگ سنٹر (لوال، کیوبک؛ ٹورونٹو، انٹیریو؛ یا وینکوور، برٹش کولمبیا) یا ایک صوبائی اصلاحی سہولت (کریکشنل فسیلٹی) میں رکھا جاسکتا ہے۔ آپ کو کہاں رکھا جائے گا، یہ اس بات پر منحصر ہے کہ کونسی سہولیات دستیاب ہیں اور CBSA/ASFC کے یقین کے مطابق آپ اپنے لئے اور دوسروں کے لئے کس درجے کا خطرہ یا رِسک بن سکتے ہیں۔
- CBSA/ASFC کی سہولیات مردوں، عورتوں اور فیملیز کو رہائش مہیا کرسکتی ہیں۔ کچھ حالات میں، اگر ایک فیملی کو حراست میں رکھا گیا ہے، تو بچوں کو والدین میں سے ایک کے ساتھ ایک علیحدہ وِنگ یا احاطے میں رکھا جاسکتا ہے۔ بندوبست کیا جائے گیا کہ اپنے قیام کے عرصہ میں فیملیز ایک دوسرے کو مل جل سکیں۔
- یہ CBSA/ASFC کی ذمہ داری ہے کہ آپ کو ایک ایسے ماحول میں رکھا جائے جو محفوظ اور بے خطر ہے۔

**آپ کی خلوت کا احترام کیا جائے گا۔**

- آپ کی خلوت کا احترام کیا جائے گا۔
- آپ کی تہذیب کی مناسبت سے آپ کی جسمانی، جذباتی اور روحانی ضروریات کو پورا کرنے کی مناسب کوشش کی جائے گی۔
- حراست کی سہولیات میں حالات کے بارے میں CBSA/ASFC آپ کی رائے کا خیر مقدم کرتا ہے۔

## آپ کے حقوق

**آپ کو حق ہے کہ آپ کے خرچے پر ایک کونسل (یعنی صلاح مشورہ دینے والا) آپ کی نمائندگی کرے یا ، اگر آپ اس کے اہل ہیں، تو آپ کو قانونی مدد فراہم کی جائے ۔**

- آپ کو حق ہے کہ آپ کے خرچے پر ایک کونسل (یعنی صلاح مشورہ دینے والا) آپ کی نمائندگی کرے یا ، اگر آپ اس کے اہل ہیں، تو آپ کو قانونی مدد فراہم کی جائے ۔ قانونی خدمات جو آپ کو دستیاب ہیں، ان کے بارے میں آپ کو ضروری معلومات دی جائیں گی۔ آپ ایک دوست یا کسی تنظیم یا ایسوسی ایشن یعنی انجمن کے رکن کو بھی اپنی نمائندگی کرنے کے لئے مقرر کرسکتے ہیں۔
- آپ کو حق ہے کہ اپنی حراست کی وجوحات سے آپ کو مطلع کیا جائے۔
- آپ کو حق ہے کہ آپ اپنے سفارت خانے یا اپنے ملک کے کونسلیٹ کے نمائندے سے اپنی درخواست پر رابطہ کرسکیں
- اگر آپ کونسلیٹ کے نمائندے سے رابطہ نہیں کرنا چاہتے، تو آپ کہہ سکتے ہیں کہ کینیڈا میں اقوامِ متحدہ کے ہائی کمشنر فار رفیوجیز (United Nations High Commissioner for Refugees / Haut-Commissariat des Nations Unies pour les réfugiés) کو آپ کی حراست کے بارے میں مطلع کیا جائے۔
- اگر آپ نہ تو وہ زبان سمجھتے ہیں اور نہ ہی بول سکتے ہیں جس میں کاروائی (یعنی کہ، حراست پر نظرثانی، امیگریشن سماعت، وغیرہ) کی جا رہی ہے، تو آپ کو حق ہے کہ آپ کی اعانت ایک مترجم کرے۔
- اگر آپ 18 سال سے کم عمر کے نابالغ ہیں، یا امیگریشن اینڈ رفیوجی بورڈ کے امیگریشن ڈویژن (Immigration and Refugee Board [IRB] / Commission de l'immigration et du statut de réfugié [CISR]) کی رائے میں آپ کاروائی کی نوعیت سمجھنے کے ناقابل ہیں، تو کاروائی کے دوران آپ کی رہبری میں مدد کے لئے ایک نمائندے کی تقرری عمل میں آسکتی ہے۔

**آپ کو حق ہے کہ آپ اپنے سفارت خانے یا اپنے ملک کے کونسلیٹ کے نمائندے سے اپنی درخواست پر رابطہ کرسکیں**

## عام معلومات

### کمیونٹی سے مدد

غیر حکومتی تنظیمات ، جیسا کہ مقامی کمیونٹی یا مذہبی تنظیمات کے ارکان آپ کو ملنے اور اعانت فراہم کرنے کے لئے آسکتے ہیں۔ وہ آپ کو کارآمد معلومات دے سکتے ہیں اور، اگر آپ چاہیں، تو وہ آپ کو آپ کے ہم وطنوں یا ان لوگوں سے رابطے میں لانے کی کوشش کریں گے جو آپ کی زبان بولتے ہوں۔ ہوسکتا ہے کہ یہ خدمات سب سہولیات پر دستیاب نہ ہوں۔ آپ CBSA/ASFC کے افسر کو معلومات اور اعانت کے لئے پوچھ سکتے ہیں، جو آپ کو ان تنظیمات کی فہرست فراہم کرسکتا ہے۔

### طبی مدد

اگر آپ کسی وقت بیمار پڑ جائیں (جسمانی یا ذہنی طور پر) اور آپ کو ڈاکٹر سے ملنے کی ضرورت ہو، تو مہربانی کرکے سہولت (یعنی حراست میں رکھنے کی جگہ) کے عملے کو فوراَ بتائیں۔ اگر آپ کوئی دوائی لے رہے ہیں یا آپ کو کوئی بیماری ہے (جسمانی یا ذہنی)، تو مہربانی کرکے سہولت میں اپنے داخلے کے وقت عملے کو بتائیں۔ ڈاکٹر آپ کی ادویات کا معائنہ کرے گا اور آپ کو دوائیں ڈاکٹر کی ہدایات کے مطابق دی جائیں گی۔

### سامان اور ذاتی اشیاء

اپ کی امد پر، آپ کے لئے ضروری ہوگا کہ اپنی ذاتی اشیاء، بشمول سیل فون، سامان، زیورات، پیسے، ادویات اور آپ کے تصرف اور قبضے میں دیگر تمام چیزیں سیکورٹی کے عملے کو سٹور کرنے اور حفاظت میں رکھنے کے لئے دے دیں۔ سیکورٹی عملے کو درخواست کرنے پر آپ کو اپنی چیزوں تک مناسب رسائی مل سکتی ہے۔ خطرناک اشیاء جیسا کہ چاقو اور دیگر ایسی چیزیں جو بطور ہتھیار استعمال ہوسکتی ہیں اور ذاتی سلامتی کو خطرے میں ڈال سکتی ہیں، ان کو آپ کے قبضے سے لے لیا جائے گا اور انہیں تلف کیا جا سکتا ہے۔

## غذا اور خوراک

اگر میڈیکل، ڈینٹل یا دیگر کسی وجہ  کی بناء پر آپ کی کوئی خاص غذائی ضروریات ہوں، تو مہربانی کرکے CBSA/ASFC کے افسر، گارڈ یا سہولت کے کسی اور عملے کو فوری طور پر بتا دیں۔ آپ کی خاص غذا کی ضروریات پوری کرنے کے انتظامات کئے جاسکتے ہیں۔

## ملاقاتی

- ہر سہولت میں ملاقات کے اوقات اور ملاقاتیوں کی تعداد سہولت  کے قواعد و ضوابط پر منحصر مختلف ہو سکتے ہیں۔
- ملاقاتیں صرف ملاقاتوں کے لئے مخصوص احاطے میں ہوتی ہیں۔
- وہ سہولیات جہاں ملاقاتوں کے لئے احاطہ نہیں، صرف کونسل یا کونسلیٹ کے افسران کے لئے خاص انتظامات کئے جائیں گے۔
- کونسل یا مقرر کردہ نمائندے سے ملاقات کی اجازت سہولت کے معمول کے مطابق ملاقات کے اوقات کے دوران ہوگی۔ ان اوقات کے بعد ملاقاتیں صرف سہولت کے انتظامیہ کی اجازت کے ساتھ ہوسکیں گی۔  ان کے فیصلے کا انحصار آپ کے کیس کی مخصوص تفصیلات پر ہوگا۔

## ٹیلیفون

کچھ جگہوں پر اور کچھ اوقات میں آپ مقامی ٹیلیفون کالز کرسکتے ہیں۔  اگر بہت سے لوگ دستیاب شدہ ٹیلیفون استعمال کرنا چاہتے ہیں، تو آپ کی کال کا وقت محدود ہوسکتا ہے۔  اگر آپ کو ٹیلیفون کے استعمال میں مدد کی ضرورت ہے، تو اعانت کے لئے مہربانی کرکے سہولت کے عملے کو پوچھیں۔  اگر آپ ایک بیرونِ ملک کال کرنا چاہتے ہیں، تو مہربانی کرکے ایک مقامی افسر سے معلومات کے لئے پوچھیں۔

## ڈاک

- کچھ سہولیات میں، آپ کو تحریری ڈاک بھیجنے اور وصول کرنے کی اجازت ہوتی ہے۔
- جو ڈاک بھی آپ بھیجیں یا وصول کریں، اسے معائنے کے لئے کھولا جاسکتا ہے۔
- عدالت یا آپ کے کونسل کو بھیجی ہوئی اور ان کی طرف سے موصول کردہ ڈاک  سہولت (کا عملہ) صرف آپ کی موجودگی میں معائنہ کے لئے کھول سکتا ہے۔

## شکایات

اگر آپ CBSA/ASFC کے افسر کے ساتھ اپنی حراست کے کسی پہلو پر بات کرنا چاہتے ہیں، تو مہربانی کرکے گارڈ یا سہولت کے عملے کے کسی رکن کو بتائیں۔  CBSA/ASFC کا افسر جتنی جلدی ممکن ہوسکا آپ کی شکائت پر توجہ دے گا۔

**اگر آپ CBSA/ASFC کے افسر کے ساتھ اپنی حراست کے کسی پہلو پر بات کرنا چاہتے ہیں، تو مہربانی کرکے گارڈ یا سہولت کے عملے کے کسی رکن کو بتائیں۔**

## تنقل و حمل یا انتقالِ مکان

جب آپ کو سہولت کی طرف لے جایا جارہا ہو یا جب آپ سہولت سے باہر
کسی کاروائی پر حاضر ہونے کے لئے لے جائے جا رہے ہوں، تو CBSA/ASFC کا افسر آپ کی تلاشی لے گا اور آپ کو ہتھکڑی پہنا سکتا ہے۔  معزور لوگوں، بوڑھے لوگوں، نابالغ بچوں اور حاملہ عورتوں کے لئے اس سے چھُوٹ دی جاسکتی ہے۔

## آگ لگنے کی صورت میں

اگر کسی وقت بھی آپ کو دھوئیں کی بُو آتی ہے یا آپ آگ لگی دیکھتے ہیں، تو عملے کو فوری طور پر بتائیں۔  اگر آگ آپ کے کمرے میں شروع ہوتی ہے، تو ڈیوٹی پر معمول گارڈز کو فوراَ بتائیں۔  پُرسکون رہیں اور گارڈز کی دی ہوئی ہدایات پر عمل کریں تاکہ آپ عمارت کو باحفاظت چھوڑ سکیں۔

## دیگر معلومات

ہر سہولت کے قواعد اور ضوابط کا مقصد ہر کسی کی سلامتی اور سیکورٹی کا تحفظ ہے۔  آپ سے توقع کی جاتی ہے کہ آپ ان قواعد کی تقلید کریں گے۔  انتشار پھیلانے والا رویہ، بشمول پراپرٹی کو نقصان، برداشت نہیں کیا جائے گا۔  اس قسم کے رویے کے نتیجے میں آپ کو قیدِ تنہائی میں ڈالا جاسکتا ہے یا آپ کو زیادہ سخت سیکورٹی والی سہولت یعنی جیل میں منتقل کیا جاسکتا ہے۔

CBSA/ASFC کا افسر آپ کے کیس کی جانچ پڑتال کرنے کے لئے آپ سے کچھ معلومات کی تصدیق کرنے کا بھی کہہ سکتا ہے۔

اگر آپ کے ذہن میں کوئی اور سوالات ہیں، تو مہربانی کرکے سہولت پر عملے کے کسی رکن یا CBSA/ASFC کے افسر سے پوچھیں۔

## حراست جاری رکھنے یا رہائی کا فیصلہ

### غیر مقررہ (''Non-Designated'') آمد شدہ لوگوں کے لئے حراست پر نظر ثانی

حراست پر پہلی نظر ثانی سے قبل، ہوسکتا ہے کہ آپ کو رہا کردیا جائے، اگر CBSA/ASFC کے افسر کو یقین ہو کہ یا تو آپ کی حراست کی وجوحات اب موجود نہیں ہیں یا اگر بونڈ دینے کے ذریعے (آپ سے متعلقہ) خدشات کو کم کیا جاسکتا ہے۔

- **اڑھ تالیس (48) گھنٹوں کے اندر** (یا اس کے بعد جتنی جلدی ممکن ہو)، امیگریشن اینڈ رفیوجی بورڈ کا امیگریشن ڈویژن آپ کی حراست پر نظرثانی کرے گا۔ امیگریشن ڈویژن میں فیصلہ کرنے والا ("ممبر")CBSA/ASFC سے خود مختار ہے.
- **سات (7) دن –** اگر آپ کی حراست جاری ہے، تو اگلے سات دنوں کے اندر IRB/CISR آپ کے کیس پر دوبارہ نظر ثانی کرے گا۔
- **ہر تیس (30) دن –** سات دن میں نظرثانی کے بعد، لازم ہے کہ IRB/CISR ہر 30 دنوں میں کم از کم ایک دفعہ دوبارہ آپ کے کیس پر نظرثانی کرے۔
- ہر نظرثانی پر آپ کا موجود ہونا لازمی ہے۔
- اس کی سفارش کی جاتی ہے کہ آپ ضروری بندوبست کریں کہ امیگریشن کی تمام کاروائیوں پر آپ کا کونسل یا مقرر کردہ نمائندہ، اگر آپ کا ایک ہے، حاضر ہو۔
- آپ کی نظرثانی کی اگلی مقررہ تاریخ سے پہلے کسی وقت، اگر نئے حقائق اس بات کا جواز پیش کرتے ہوں، تو آپ ایک زیادہ جلدی نظرثانی کی درخواست دے سکتے ہیں۔ ضروری ہے کہ درخواست تحریری شکل میں دی جائے اور IRB/CISR کے امیگریشن ڈویژن کے پیشِ خدمت کی جائے جو اس بات کا فیصلہ کرے گا کہ آپ کی درخواست منظور کی جائے یا نہیں۔ درخواست کی ایک عدد نقل CBSA/ASFC کو فراہم کرنا لازمی ہے۔

## حراست سے رہائی

نظرثانی کے بعد، IRB/CISR کے امیگریشن ڈویژن کا ایک ممبر یا تو یہ حکم دے گا کہ آپ کی حراست جاری رکھی جائے یا آپ کو حراست سے رہائی دے دی جائے۔ ہوسکتا ہے کہ IRB/CISR آپ کی رہائی پر شرائط عائد کردے جن میں شامل ہوسکتی ہیں:

- **ایک ڈپوزٹ (یعنی رقم کو جمع کروانا):** یہ وہ رقم ہے جو اس بات کو یقینی بنانے کے لئے ہوتی ہے کہ آپ حراست سے اپنی رہائی پر عائد کردہ شرائط کی پابندی کریں گے۔ عام طور پر، یہ رقم آپ کے کیس کے اختتام کے چھ سے آٹھ ہفتوں کے بعد واپس کردی جاتی ہے، بشرطیکہ آپ کی رہائی پر عائد کردہ تمام شرائط پوری کردی گئی ہوں۔
- **ایک گارنٹی:** اس میں ڈپوزٹ یعنی رقم جمع کروانے کا مطالبہ نہیں ہوتا۔ گارنٹی دینے والا (جس کے لئے ایک کینیڈین شہری یا کینیڈا کا ایک مستقل رہائشی ہونا ضروری ہے) وعدہ کرتا ہے کہ اگر آپ اپنی رہائی پر عائد کردہ شرائط کا احترام نہیں کرتے تو اس صورت میں وہ ایک خاص رقم ادا کرنے کا پابند ہوگا۔

اگر آپ کا ایک گارنٹی دینے والا ہے، تو آپ کا امیگریشن کیس اختتام پزیر ہونے سے پہلےان کو اپنی قانونی ذمہ داریوں سےمعمولاً بری یا مبرا نہیں کیا جائے گا۔

## شرائط کی خلاف ورزی

اگر آپ اپنی رہائی کی کسی شرط کی تعمیل میں ناکام رہتے ہیں، تو آپ کی گارنٹی دینے والے کو اس رقم سے ہاتھ دھونے پڑ سکتے ہیں جو اس نے جمع کروائی تھی یا جس کی ادئیگی کا اس نے وعدہ کیا تھا، اور/یا آپ کو دوبارہ حراست میں لیا جاسکتا ہے۔